© rasailojaraid.com

تبصرہ نگار: ع۔غ

# تعارف وتبصرہ

تبصرے کے لیے کتاب کے دو نسخے ارسال کرنا ضروری ہے۔ کتابچہ نمار سالوں پر تبصرہ نہیں کیا جائے گا۔ (ادارہ)

**مقالات رشیدیہ، تالیف: مولانا قاری عبدالرشید صاحب ؒ، صفحات: ۲۰۶، قیمت: ۱۸۰ روپے۔**

مولانا قاری عبدالرشید صاحب رحمۃ اللہ علیہ جامعہ مدینہ لاہور میں حدیث وتفسیر کے استاد تھے، انہوں نے نوجوانی ہی میں درس وتدریس کے ساتھ ساتھ مناظرہ اور تصنیف وتالیف کے میدان میں بھی بہترین خدمات سرانجام دیں، یہ مختلف موضوعات پر لکھے جانے والے ان کے علمی وتحقیقی مقالات کا مجموعہ ہے، جسے قاری صاحب کے چھوٹے بھائی مولانا عبدالحفیظ ظفر نے مرتب کیا ہے، کتاب کا تعارف کراتے ہوئے وہ لکھتے ہیں:

''قاری صاحب ؒ نے مستقل کتابوں کے علاوہ مختلف موضوعات پر چند علمی وتحقیقی مقالات بھی قلم بند فرمائے تھے، زیر نظر کتاب انہی مقالات کا مجموعہ ہے، یہ مقالات مرکز تحقیق دیال سنگھ ٹرسٹ لائبریری لاہور کے سہ ماہی مجلّہ ''منہاج'' اور جامعہ مدینہ لاہور کے ماہنامہ ''انوار مدینہ'' کے مختلف شماروں میں طبع ہوتے رہے ہیں، زیر نظر کتاب میں درج ذیل مقالات شامل ہیں:

۱- اثبات دعویٰ کے شرعی تقاضے، ۲- مسائل عشر، ۳- مہمات کتب فقہیہ کا اجمالی تعارف، ۴- معتزلہ، ۵- جانوروں کی حلت وحرمت کے اصول، ۶- منصب نبوت، ۷- قادیانیت، ۸- شعبان کے فضائل واحکام، ۹- علامہ قطب الدین رازی۔

ان مقالات میں معتزلہ کے عنوان سے ایک مقالہ شاملِ اشاعت ہے، یہ درحقیقت ڈاکٹر وحید اشرف صاحب کا لکھا ہوا ہے، جب یہ مقالہ سہ ماہی مجلّہ ''منہاج'' میں طبع ہونے کے لئے آیا تو منہاج کے ایڈیٹر مولانا سید محمد متین ہاشمی بوجوہ اس کے مندرجات سے متفق نہ تھے، اس لئے موصوف نے حضرت قاری صاحب ؒ کو اس پر حواشی لکھنے کے لئے کہا، حضرت قاری صاحب ؒ نے اس پر توضیحی، تنقیدی اور اصلاحی حواشی تحریر فرمائے، جس سے مقالہ کی اہمیت دوچند ہوگئی، ہم نے اس مقالہ کو بعینہ اس کتاب میں شامل کر دیا ہے''۔

مقالات کا مطالعہ کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے صاحب مقالات کو علم وتحقیق کے بلند مقام سے نوازا تھا، انہوں نے بہت مضبوط اور جاندار انداز میں یہ مقالات تحریر کیے ہیں، جس کا اندازہ ''مہمات کتب فقہیہ کا اجمالی تعارف''


© rasailojaraid.com